مولانا عبدالقیوم حقانی

# تعارف و تبصرۂ کتب

**تبصرہ کتاب کی مجموعی حیثیت پر کیا جاتا ہے تمام جزئیات سے ادارہ کا اتفاق نہیں**

**ماہنامہ الفرقان تبلیغی جماعت**

دارالعلوم الاسلامیہ مظفر آباد کا ترجمان مجلہ الفرقان کی خصوصی اشاعت "تبلیغی جماعت" بھی شائع ہو گئی ہے ۱۲۸ صفحات کے اس خصوصی شمارہ میں حضرت مولانا محمد الیاسؒ کی برپا کردہ تبلیغی تحریک کے مختلف پہلوؤں، بانی تحریک کے سوانح اور دعوت و تبلیغ کی ضرورت اور متعلقہ دسیوں عنوانات پر نافع اور مفید ترین مضامین شریک اشاعت ہیں، مدیر مسئول قاضی محمود الحسن کے ذوق ترتیب و تالیف کا بہترین ثمرہ، تبلیغی کارکنوں کے لیے انمول تحفہ۔ ملنے کا پتہ! الفرقان دارالعلوم الاسلامیہ چھتر دومیل مظفر آباد کشمیر۔

**معاشرہ جدیدیت اور اسلام**

محمد موسیٰ بھٹو کے وقیع مضامین کا مجموعہ، عنوان سے کتاب متعارف اور مافیہا کی آئینہ دار ہے جس میں اسلام کے اخلاقی نظریئے، مغربی تہذیب کا مقابلہ موجودہ ہمہ جہتی بگاڑ عورت کی آزادی، علماء کا کردار، فرقہ واریت، نیشنل ازم وغیرہ جیسے اہم موضوعات پر سیر حاصل تبصرے کیے گئے ہیں صفحات ۱۴۳ کمپیوٹر کتابت اور خوبصورت ٹائیٹل قیمت صرف ۳۰ روپے۔ ملنے کا پتہ! سندھ نیشنل اکیڈمی ٹرسٹ ۱۱۸۶ پیپلز کالونی لطیف آباد نمبر ۲ حیدرآباد سندھ

**خواجہ محمد خان اسد احوال و آثار**

تالیف راشد علی زئی صفحات ۲۰۹ قیمت ۱۸۰ روپے

خواجہ محمد خان اسد علاقہ چھچھ کی عظیم علمی شخصیت، ادیب، اور شاعر اور کتابوں کا عمدہ ذوق رکھنے والے ایک باکمال انسان تھے "میر کتب خانہ، علاقہ چھچھ میں ان کی ایک معروف ذاتی لائبریری ہے ان کے لائق اور ہونہار فرزند راشد علی زئی جو ماہنامہ صدف کے مدیر بھی ہیں، نے اپنے عظیم والد کے سوانح و افکار، سیرت و کردار اور علمی افادات کو زیر تبصرہ کتاب میں مرتب کر کے محفوظ کر دیا ہے جو علمی، ادبی اور تاریخی حلقوں کے لیے ایک نادر علمی تحفہ ہے اگر ٹائیٹل اور اندرون کے صفحات میں تصاویر کے گناہ سے بچا جاتا تو یہ کتاب مرحوم کی روح کے لیے مزید تسکین صدقہ جاریہ اور باعث اجر و ثواب بنتی، یقیناً دوسرے ایڈیشن میں مرتب اس گناہ کا ارتکاب نہیں کریں گے کتاب مجموعی حیثیت سے بہر حال علمی ادبی اور نافع ہے۔